سوال

(240)جب شوہر مقاربت (بیوی کے ساتھ ملاپ) سے پہلے فوت ہوجائے تو...!

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص عقد نکاح کرنے کے بعد مگر مقاربت سے پہلے فت ہوگیا توکیا اس کے وارثوں کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ اس کی بیوی سے وہ مہر واپس لے لیں جو اس نے اپنی بیوی کو دیا تھا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب کوئی شوہر اپنی بیوی سے مقاربت سے پہلے ہی فوت ہوجائے تو اس صورت میں بھی بیوی کیلیئے طے شدہ تمام مہر واجب ہوتا ہے کیونکہ شوہر کی وفات کی صورت میں بھی بیوی تمام مہر کی اسی طرح حقدار ہوتی ہے جس طرح وہ مقاربت کی صورت میں حقدار ہوتی ہے خواہ اس نے کچھ مہر ادا کیا ہو یا نہ کیا ہو' شوہر کا باپ یا اس کی ماں مہر کے کسی بھی تھوڑے یا زیادہ حصے کے وارث نہیں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج3ص204

محدث فتویٰ